© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**المنقذ من الضلال (عربی ایڈیشن)** تالیف: امام ابو حامد محمد الغزالی۔ شائع کردہ: محکمہ اوقاف پنجاب۔ قیمت تین روپے پچاس پیسے۔

"المنقذ من الضلال" امام غزالیؒ کی نہایت مشہور اور اہم تالیف ہے۔ امام موصوف کی فکری زندگی کا آغاز فلسفہ و کلام اور باطنیہ کے افکار کے مطالعہ سے ہوا۔ ان افکار نے اُن کے ذہن کو تو ایک حد تک مطمئن رکھا لیکن ان کی رُوح غیر مطمئن رہی۔ اور چھ ماہ کا عرصہ تو انہوں نے شدید نفسیاتی کشمکش میں گزارا۔ ایک طرف انہیں دنیوی شان و شوکت حاصل تھی اور دوسری طرف اُن کا دل یہ گواہی دے رہا تھا کہ یہ ریاکارانہ زندگی آخرت میں رُو سیاہی کا باعث ہوگی۔ رُوح کی اس تشنگی اور بیقراری سے بے تاب ہو کر امام موصوف نے دنیاوی جاہ و جلال اور بغداد کی رونق افروز علمی مجلسوں کو تج دیا اور معرفتِ حق اور جوہرِ حقیقت کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ اور آخر کار معرفتِ حق اور روحانی جلا سے ہمکنار ہوئے۔ "المنقذ من الضلال" اسی جستجو کا حاصل ہے۔ شرعی اور عقلی علوم سے انہیں جو کچھ حاصل ہوا اس کے بارے میں وہ خود لکھتے ہیں کہ انہیں تین چیزیں حاصل ہو چکی تھیں: اللہ تعالیٰ پر پختہ ایمان، نبوّت پر پختہ ایمان اور آخرت پر پختہ ایمان۔ لیکن ان بنیادی عقائد پر کامل یقین کے بعد انہیں اب اس چیز کی تلاش تھی جو ان عقائد کو ان کی زندگی پر اس درجہ غالب کر دے کہ زندگی کی راحت و مسرّت کا اصل معیار یہ عقائد ہوں نہ کہ دوسرے پیمانے۔ یہ چیز جیسے معرفتِ حق، محبّتِ الٰہی اور تعلق باللہ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے کتابوں اور مباحثوں سے نہ مل سکتی تھی، بلکہ اس کا تعلق ذوق اور سلوک سے تھا۔ ایسا ذوق اور سلوک جو قلب و روح کو جِلا بخشے۔ اور انہیں عشقِ الٰہی سے سیراب کرے۔ اس ساری داستان کو موصوف نے "المنقذ من الضلال" میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب آج تک اہلِ ذوق اور راہ سپارانِ جادۂ حق کے لیے مشعلِ ہدایت بنی رہی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

المنقذ کا عرب ممالک میں نہایت اعلیٰ اور معیاری عربی اڈیشن چھپ چکا ہے۔ مگر پاکستان کے اہلِ علم حضرات کو شاید وہ آسانی سے فراہم نہ ہو سکتا ہو۔ محکمۂ اوقاف نے پاکستان میں طبع کرا کر اس خیر کو عام کرنے کا قابلِ قدر کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ محکمۂ اوقاف کے جناب ڈاکٹر رشید جالندھری صاحب نے تصحیح کا کام سرانجام دیا ہے۔ اور جگہ جگہ حواشی بھی لکھے ہیں۔ ایک مختصر مقدمہ بھی تحریر کیا ہے جس میں انہوں نے بیان کیا ہے کہ امام غزالیؒ نے المنقذ میں جو کچھ بیان کیا ہے اس میں اور سینٹ اوغسطین کے اعترافات اور ٹالسٹائی کے افکار میں بعض پہلوؤں سے مماثلت پائی جاتی ہے۔ اس مختصر سے مقدمے میں ڈاکٹر صاحب کو یہ بحث چھیڑ دینا قاری کو الجھن میں ڈال سکتا ہے۔ اگر امام غزالیؒ کا مذکورہ دونوں شخصیتوں سے کسی پہلو سے موازنہ درکار تھا تو اس پر بھرپور بحث کی جانی چاہیے تھی۔

---

حدیثِ رسولؐ کا تشریعی مقام۔ تالیف ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی مرحوم۔ ترجمہ: پروفیسر غلام احمد حریری۔ ناشر: ملک برادرز کارخانہ بازار لائل پور۔ صفحات ۲۴۰۔ قیمت ۱۵/- روپے۔ کتابت، طباعت آفسٹ

حدیثِ رسولؐ کا تشریعی مقام، ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی مرحوم کی عربی کتاب "السنۃ ومکانتہا فی التشریع الاسلامی" کا اردو ترجمہ ہے۔ موصوف دنیائے اسلام کی اُن معدودے چند شخصیات میں سے ایک ہیں جنہیں دورِ جدید میں مخالفینِ اسلام ـــ مستشرقین اور ان کے مقلدین ـــ کی مذموم مساعی کا سدّ باب کرنے کی سعادت ملی۔ یہ حقیقت ہے کہ مشرق و مغرب کے تمام باطل پرست اور اباحیت پسند اس نتیجہ پر پہنچ چکے ہیں کہ اسلام کی تعلیمات کو مسخ کرنے کی کوئی صورت اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک کہ ارشاداتِ رسول کو بے اصل یا کم از کم مشتبہ نہ بنا ڈالا جائے۔ چنانچہ اس کارِ تشکیک کو انجام دینے کے لیے کبھی احادیث کا انکار یہ کہہ کر کیا گیا کہ یہ خلافِ عقل ہیں کبھی انہیں ترقی کی راہ کا روڑا سمجھ کر مسترد کر دیا گیا۔ اور کبھی تحقیق کے نام پر تحریف و تنسیخ کا کھیل کھیلا گیا۔ اس کام میں نام نہاد مسلم مفکرین علانیہ اور یہودی مستشرقین بھی پیش پیش ہیں۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں سباعی مرحوم نے انہیں مستشرقین اور ان کے متبعین کی خوب خبر لی ہے۔ اور حدیثِ رسولؐ کا کامیابی کے ساتھ دفاع کیا ہے۔ کتاب کے تین ابواب ہیں۔ پہلے باب میں سُنّت کا معنی و مفہوم، وضعِ حدیث کے اسباب و محرکات اور اس کی تردید و مذمت میں علماء کی مساعی کی

© rasailojaraid.com